امام صادقؑ آنلائن مدرسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## درس:۱۸

## چوتھا مخرج: شفتین

- مخرج لسان سے ۱۸ حروف ادا ہوتے ہیں:

ق – ک – ج – ش – ي – ض
– ل – ن – ر – ت – ط – د
س – ز – ص – ث – ذ – ظ

- لسان سے ادا ہونے والے حروف کہ جنکا عربی اور اردو میں تلفظ جدا ہے۔

ث – ذ – ظ

- ان حروف کا مخرج:

زبان کی نوک کو ثنایا علیا کے نیچے لگانے سے ان کا تلفظ ہوتا ہے۔

- چوتھا مخرج شفتین ہے۔اس مخرج سے چار حروف ادا ہوتے ہیں۔

ف – م – ب – و

- فاء کا تلفظ: جب نیچے والا ہونٹ ثنایا علیا کے نیچے کے حصے سے لگے۔

اَف-اِف-اُف

- میم کا تلفظ: جب ہونٹوں کا خشک حصہ آپس میں ملے تو تلفظ ہوتا ہے۔

اَم-اِم-اُم مَ-مِ-مُ

- حرف باء کا تلفظ: جب ہونٹوں کا اندرونی تر حصہ آپس میں ملے تو تلفظ ہوتا ہے۔

اَب—اِب—اُب

ImamSadiq.tv